## سانحہ قصبہ وعلی گڑھ 14 دسمبر 1986ء ملک کی تاریخ کا سیاہ باب ہے، الطاف حسین
## 23ویں برسی کے موقع پر بیان

لندن۔۔۔13، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سانحہ قصبہ علی گڑھ کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حق پرست شہداء قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی اور ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگی۔ سانحہ قصبہ وعلی گڑھ کے شہداء کی 23ویں برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ سانحہ قصبہ وعلی گڑھ کالونی 14 دسمبر 1986ء ملک کی تاریخ کا سیاہ باب ہے۔ اس دن سفاک اور مسلح دہشت گردوں نے قصبہ وعلی گڑھ کالونی پر مسلح حملہ کرکے گھنٹوں آتشی ہتھیاروں کا آزادانہ استعمال کیا اور فائرنگ کرکے خواتین اور بچوں سمیت سینکڑوں افراد کا وحشیانہ قتل عام کیا، انہیں آگ میں زندہ جلا دیا، گھروں کو آگ لگادی، لوٹ مار کی اور ظلم وبربریت کا بازار گرم کیا لیکن کئی برس گزر جانے کے باوجود اس سانحہ کے ذمہ داروں کو سزا نہیں دی گئی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی اور ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کامیابی سے ضرور ہمکنار ہوگی۔۔ انہوں نے سانحہ قصبہ وعلی گڑھ کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ شہداء کے درجات بلند فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے مطالبہ کیا کہ سانحہ قصبہ علی گڑھ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اور اس میں ملوث سفاک قاتلوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزائیں دی جائیں۔

## دہشت گردوں کی مسلسل گرفتاریاں کراچی میں طالبانائزیشن کی موجودگی سے انکار کرنے والوں کیلئے لمحہ فکریہ ہے، رابطہ کمیٹی
## پولیس افسران اور اہلکاروں کو پیشہ وارانہ مہارت اور فرائض کی بروقت ادائیگی قابل تحسین ہے

کراچی۔۔۔13، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی میں کالعدم تحریک طالبان پاکستان حکیم اللہ محسود گروپ کے کمانڈر سمیت 4 دہشت گردوں کی بھاری وجدید اسلحہ اور منشیات کی بھاری کھیپ کے ساتھ گرفتار پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور پولیس کے افسران اور اہلکاروں کی پیشہ وارانہ مہارت اور فرائض کی بروقت ادائیگی کو سراہا یا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ روز پولیس حکام نے قائد آباد کے علاقے میں چھاپہ مار کر تحریک طالبان پاکستان حکیم اللہ محسود گروپ کے مذکورہ کمانڈر اور دہشت گردوں کو بھاری اسلحہ اور منشیات کے ساتھ گرفتار کیا ہے اور کراچی سے دہشت گردوں کی مسلسل گرفتاریاں اور ان سے خطرناک ہتھیاروں کی برآمدگی کراچی میں طالبانائزیشن کی موجودگی سے انکار کرنے والوں کیلئے لمحہ فکریہ ہے، دہشت گرد ملک میں خودکش بم دھماکوں کے ذریعے بے گناہ انسانوں کی زندگیوں سے کھیل رہے ہیں اور ایسے میں کراچی میں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے دہشت گردوں کی گرفتاریاں اور ان کے مذموم عزائم کو ناکام بنانا قابل تحسین ہے۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین واحد رہنما ہیں جنہوں نے طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش سے عوام اور حکمرانوں کو بغیر کسی خوف کے آگاہ کیا لیکن اس کے باوجود بعض نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں نے جناب الطاف حسین کے تحفظات کو واویلا قرار دیا اور طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش سے انکار کرکے شہر اور اس کے عوام ہی کو نہیں بلکہ ملک بھر کے عوام کو دھوکے میں رکھا اور ان ہی نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتوں کی اس مذموم پالیسی کے باعث آج ملک دہشت گردی کی لپیٹ میں ہے اور ہزاروں معصوم لوگ دہشت گردوں کی بھینٹ چڑھ چکے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وزیر اعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں کالعدم تحریک طالبان کے کمانڈر سمیت 4 دہشت گردوں کی گرفتاری کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، دہشت گردوں کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کیلئے انٹیلی جنس نیٹ ورک کو مزید مضبوط کیا جائے اور عوام کی جان ومال کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## نئے این ایف سی ایوارڈ کی متفقہ منظوری صوبوں اور وفاق کے درمیان اہم آہنگی کا ثبوت ہے، رابطہ کمیٹی
## صوبوں اور وفاق کے درمیان بڑھتی ہوئی ہم آہنگی کو دیگر اہم مسائل کے حل کیلئے کارگر بنایا جائے

کراچی۔۔۔13، دسمبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ این ایف سی ایوارڈ کی متفقہ منظوری صوبوں اور وفاق کے درمیان ہم آہنگی کا ثبوت ہے اور جمہوری حکومت کی بڑی کامیابی ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ نئے این ایف سی ایوارڈ میں صوبوں کے مابین وسائل کی تقسیم کا تصور تبدیل کرکے تمام صوبوں کے اتفاق رائے سے وسائل کی تقسیم کے فارمولے میں

آبادی کے ساتھ ساتھ غربت، پسماندگی اور محصولات کو بھی شامل کیا گیا ہے جو ایم کیوایم اور سندھ کے عوام کے بے مثال صبر کا پھل ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیوایم این ایف سی ایوارڈ کی تقسیم کے فارمولے پر اصولی مئوقف پر ڈٹی رہی، اس سلسلے میں عوام کی خواہشات کا بھرپور احترام کیا، این ایف سی ایوارڈ کی تقسیم کے فارمولے پر کسی قسم کی سودے بازی نہیں کی اور آج این ایف سی ایوارڈ کی متفقہ منظوری نے ایم کیوایم کے اصولی مئوقف کی سچائی کو ظاہر کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ این ایف سی ایوارڈ کی متفقہ طور پر منظوری سے صوبوں میں پائے جانے والے احساس محرومی کا ازالہ ہوگا اور صوبوں اور وفاق کے درمیان اس بڑھتی ہوئی ہم آہنگی کو دیگر اہم مسائل کے حل کیلئے کارگر بنایا جائے کیونکہ اسی میں ہی ملک کی ترقی وخوشحالی کا راز مضمر ہے۔رابطہ کمیٹی نے این ایف سی ایوارڈ کی منظوری پر ملک بھر کے عوام کو مبارکباد پیش کی اور کہا کہ حق پرستی کی جدوجہد میں نئے این ایف سی ایوارڈ کی متفقہ طور پر منظوری اتحاد، اتفاق، فراخدلی، وسیع النظری اور ثابت قدمی کا نتیجہ ہے۔

## ملک میں قیام امن کیلئے حضرت بابا فرید گنج شکرؒ کی تعلیمات پر عمل کیا جائے، افتخار اکبر رندھاوا
## حضرت بابا فرید گنج شکرؒ کے 767ویں عرس مبارک کے موقع پر بیان

لاہور۔۔۔13، دسمبر 2009ء
متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا نے کہا ہے کہ ہمیں ملک میں امن کے قیام کیلئے برصغیر کے عظیم روحانی پیشوا حضرت بابا فرید گنج شکرؒ کی تعلیمات پر عمل کرنا چاہئے۔حضرت بابا فرید گنج شکرؒ کے 767ویں عرس مبارک کے موقع پر اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ حضرت بابا فرید گنج شکرؒ کی تعلیمات امن، بھائی چارے اور رواداری پر مبنی ہیں، پاکستان کو درپیش موجودہ اندرونی وبیرونی خطرات کا مقابلہ کرنے کیلئے رواداری، بھائی چارے اور ایکدوسرے کو برداشت کرنے کی ضرورت ہے۔

## ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13، دسمبر 2009ء
متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ B-103 کے کارکن ممتاز علی خان کے والد عبدالسلام خان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## سینئر صحافی سہیل قلندر کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔13، دسمبر 2009ء
متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ممتاز سینئر صحافی، روزنامہ ایکسپریس پشاور کے سینئر ریذیڈنٹ ایڈیٹر اور پاکستان فیڈل یونین آف جرنلسٹس کے نائب صدر سہیل قلندر کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆